BRAMPTON

Media Release

برائے فوری اجراء

سیڈی سیچرڈے کے دس شاندار سال! موسم بہار کی خوشیوں کا آغاز 2022 ورچوئل سِیڈی سیچرڈے اور گارڈن شو کے ساتھ کریں

برامپٹن، آن (1 مارچ 2022) – سٹی آف برامپٹن کا سیڈی سیڈی سیچرڈے اور گارڈن شو اس مرتبہ بروز ہفتہ 12 مارچ کو صبح 10 بجے شروع ہونے والے آن لائن پروگرام کے ساتھ اپنے دس سال مکمل کر رہا ہے۔

2022 کا ورچوئل سیڈی سیچرڈے اور گارڈن شو برامپٹن ہارٹی کلچرل سوسائٹی کے اشتراک سے پیش کیا جا رہا ہے اور اس میں درج ذیل ماحولیاتی ماہرین کی باغبانی سے متعلق ویڈیوز بطور خاص پیش کی جائیں گی:

- جیمز گراہم کی جانب سے شاندار سبزیاں اگانے کے بارے میں زبردست مفید مشورے
- کیتھی نیسبِٹ، 'میجِک وِد وورمز' کے ساتھ
- لنڈا کراگو کی جانب سے 'ہیئرلومز اینڈ سیڈ سیونگ'
- شیلے کنیڈل کی جانب سے 'اِمپارٹینس آف پولینیٹرز'
- بوب وِلڈفونگ کی جانب سے 'گروئنگ اے سکیسسفُل سیڈ سیونگ گارڈن'
- شان جیمز کی جانب سے 'سوئل اینڈ دی تھنگز لیونگ ان اٹ'
- کرسٹوفر بیالک کی جانب سے 'گارڈننگ اِن اے چینجنگ انوائرنمنٹ'
- ایڈ ہونوِکس اور ٹریور لی کی جانب سے 'سٹی آف برامپٹن ٹری ڈوز اینڈ ڈونٹس' بات چیت

چاہے آپ باغبانی میں نئے ہوں یا تجربہ بھی رکھتے ہوں، تو باغبانی کے وسائل تک رسائی حاصل کرنے، باغبانی کے فروخت کنندگان سے رابطہ کرنے، پرنٹ ایبل سرگرمیوں اور ویڈیو ٹیوٹوریلز کے ساتھ کڈز زون سے لطف اندوز ہونے کے لیے 12 مارچ کو www.brampton.ca/seedysaturday سے اپنے من پسند موضوعات کی خوب چھان بین کریں اور یہ بھی جانیں کہ برامپٹن ہارٹیکلچرل سوسائٹی کے ساتھ کرب سائیڈ میں بیج کے تبادلے میں کیسے حصہ لیا جائے اور مزید بہت کچھ۔

اقتباسات

"برامپٹن ایک گرین سٹی ہے اور ہم رہائشیوں کو باغبانی اور سبزیاں اگانے کے بارے میں جاننے کی ترغیب دیتے ہیں۔ برامپٹن کے ورچوئل سیڈی سیچرڈے اور بروز ہفتہ 12 مارچ کو گارڈن شو میں شرکت کریں اور ہمارے ساتھ اس شاندار موقع کے 10 سال کا جشن منائیں!"

- *پیٹرک براؤن، میئر، سٹی آف برامپٹن*

"ہر سال، برامپٹن کا سیڈی سیچرڈے اور گارڈن شو باغبانی کے ماہرین، شائقین اور باغبانی میں نئے آنے والوں کو موسم بہار کا آغاز کرنے کے لیے ایک جگہ پر اکٹھا کرتا ہے۔ ماہرین کی جانب سے سیمینار کی ویڈیوز دیکھنے اور کمیونٹی کے حصے کے طور پر باغبانی کی معلومات اور وسائل تک رسائی حاصل کرنے کے لیے 12 مارچ کو ہمارے ساتھ آن لائن شامل ہو جائیں۔"

- *رووینا سینٹوس، ریجنل کونسلر وارڈز 1 اور 5؛ چیئر، کمیونٹی سروسز، سٹی آف برامپٹن*

"باغبانی ایک بہترین سرگرمی ہے جو کمیونٹی کی صحت اور تندرستی میں معاونت فراہم کرتی ہے۔ اس سال، 12 مارچ کو برامپٹن کے 10ویں سالانہ سیڈی سیچرڈے اور گارڈن شو آن لائن میں ماہرانہ ویڈیوز، بچوں کی سرگرمیوں، کرب سائیڈ سیڈ سویپ اور دیگر بہت سی مفید سرگرمیوں کے ایک دلچسپ سلسلے کا لطف اٹھائیں۔"

- *چارمین ولیمز، سٹی کونسلر وارڈز 7 اور 8؛ وائس چیئر، کمیونٹی سروسز، سٹی آف برامپٹن*

"ہم اس سال برامپٹن ہارٹیکلچرل سوسائٹی کے ساتھ برامپٹن کے 10ویں سالانہ سیڈی سیچرڈے اور گارڈن شو کو آن لائن پیش کرنے کے منتظر ہیں۔ باغبانی، استحکامیت اور سر سبز زندگی کے بارے میں جانیں!

- *پال موریسن، انٹیرم CAO، سٹی آف برامپٹن*

30--

کینیڈا میں تیز ترین رفتار سے بڑھنے والے شہروں میں سے ایک کے طور پر برامپٹن 700,000 لوگوں اور 75,000 کاروباروں کا گھر ہے۔ ہمارے ہر عمل کا مرکز عوام ہوتے ہیں۔ ہمیں اپنی متنوع کمیونٹی سے توانائی ملتی ہے، ہم سرمایہ کاری کے لیے کشش پیدا کرتے ہیں اور ہم ٹیکنالوجی اور ماحولیاتی جدت میں رہنما کردار ادا کرنے کے سفر پر نکل رہے ہیں۔ ہم اس لیے شراکت داری کرتے ہیں تاکہ ہم ایک ایسا صحت مندانہ شہر بنا سکیں جو محفوظ، قابل دوام اور کامیاب ہو۔ ہمارے ساتھ ٹوئٹر، فیس بک اور انسٹاگرام پر مربوط ہوں۔ مزید جاننے کے لیے www.brampton.ca ملاحظہ کریں۔

میڈیا کنٹیکٹ
سٹی آف برامپٹن ملٹی کلچرل میڈیا
multiculturalmedia@brampton.ca